© rasailojaraid.com



مرحوم ومغفور کا اکلوتا رنگ نہیں، بلکہ اس کتاب میں ان کی ہمہ جہت شخصیت کے گونا گوں محاسن نظر آتے ہیں۔

البتہ جیسا کہ اہلِ علم جانتے ہیں حضرت مفتی صاحب رحمہ اللہ ایک عمیق النظر صاحب فتوی بھی تھے، لیکن یہ کتاب حضرت مفتی صاحب کی سیرت کے اس بھاری بھرکم پہلو کی رونمائی نہیں کراتی۔ اسی طرح حضرت ممدوح کی حیاتِ طیّبہ کا متصوّفانہ پہلو بھی اس کتاب کی گرفت میں نہیں آ سکا، جبکہ حضرت صاحبِ نسبت اہل حال میں سے تھے۔ پھر یہ کتاب مختصر اقوال کا مجموعہ ہے چنانچہ ایسے اقوال کی ضرورت محسوس ہوتی ہے جن میں چاہے کسی قدر طوالت ہو لیکن وہ زیر بحث نکات پر قدرے تفصیل سے حضرت مفتی صاحب کی آراء کا اظہار کرتے ہوں۔ دراصل معاملہ یہ ہے کہ جناب محمد فاروق قریشی نے اس کتاب کو بڑی محبت کے ساتھ اس قدر خوبی اور زمانے کے تقاضوں کے مطابق شائع کیا ہے کہ ان سطور کا راقم حضرت مفتی صاحب کی ذات بابرکات سے اپنی عقیدت کے اِن چند زاویوں پر بھی قریشی صاحب کی توجہ دلانا چاہتا ہے تا کہ وہ اپنے آئندہ منصوبوں میں ان پہلوؤں کو بھی سیراب کر کے ہم تشنگان کی دعائیں سمیٹ سکیں۔

ادارہ

# مسافرانِ آخرت

☆ مجلس احرارِ اسلام ڈیرہ اسمٰعیل خان کے مخلص اور وفادار کارکن جناب غلام حسین احرار گزشتہ ماہ انتقال کر گئے۔ مرحوم انتہائی صالح انسان تھے۔ جانشین امیر شریعت حضرت مولانا سید ابومعاویہ ابوذر بخاری رحمتہ اللہ علیہ کی تقاریر سنیں، ان کی شخصیت اور فکر سے متاثر ہوئے اور پھر تادم واپسیں مجلس احرار اسلام سے وابستہ رہے۔ احرار کے ساتھ ان کی وابستگی مثالی تھی۔

☆ حافظ محمد سعید خواجہ گزشتہ ماہ امریکہ میں انتقال کر گئے۔ مرحوم، خواجہ اللہ بخش کے فرزند تھے اور خواجہ اللہ بخش مرحوم قیام پاکستان سے قبل امرتسر میں رہائش پذیر تھے جہاں حضرت امیر شریعت سے تعلق قائم ہوا جو عقیدت ومحبت کے سانچے میں ڈھل کر آخری سانس تک باقی رہا۔ قیام پاکستان کے بعد کراچی منتقل ہو گئے۔ آپ کے پانچ بیٹے تھے۔ تین انتقال کر گئے اور دو حیات ہیں۔ جناب خواجہ رفیق احمد صاحب اور جناب خواجہ عبدالوحید صاحب۔ جو اپنے مرحوم والد کے تعلق کو اب تک نبھا رہے ہیں۔ حق تعالیٰ ان کے والد مرحوم، بھائی حافظ محمد سعید خواجہ اور دیگر بھائیوں کی مغفرت فرمائے۔

☆ ہمشیر مرحومہ جناب خالد رفیق صاحب (خان پور)

☆ جناب پروفیسر عطاء اللہ اعوان رحمہ اللہ (بہاول پور) انتقال ۷/اپریل ۲۰۱۶ء۔

☆ ہمارے کرم فرما محترم ڈاکٹر شاہد کاشمیری (لاہور) کے سسر جناب محمد نواز بٹ مرحوم ۲/مارچ ۲۰۱۶ء اور ان کے بھائی محمد شفیق بٹ مرحوم ۱۲/اپریل ۲۰۱۶ء کو انتقال کر گئے۔

☆ میاں ریاض احمد صاحب (ککری، میلسی ضلع وہاڑی) کے چچا سسر جناب حاجی برخوردار مرحوم۔

☆ ورلڈ پاسبان ختم نبوت پاکستان کے بانی چیئرمین علامہ ممتاز احمد اعوان کی والدہ ماجدہ، انتقال 16/اپریل



© rasailojaraid.com